## جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء کی ساتویں سالگرہ آج منائی جائیگی
## مرکزی اجتماع ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔4، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ کل بروز جمعرات 5 مارچ 2009ء ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں منائی جائے گی۔ سالگرہ کے سلسلے میں اندرون سندھ سمیت صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان اور دارالخلافہ اسلام آباد کے ضلعی دفاتروں کے علاوہ آزاد کشمیر میں چھوٹی بڑی تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ جبکہ سالگرہ کے موقع پر رابطہ کمیٹی کی جانب سے نائن زیرو عزیز آباد میں بے بی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ کا کیک کاٹا جائیگا۔

## الطاف حسین نے نواز شریف کو مفاہمت کی جو پیش کش کی ہے اس پر نواز شریف کو انتہائی سنجیدگی سے نا صرف سوچنا بلکہ اس پر عمل کرنا چاہیئے، ایم کیو ایم محبان پاکستان اوورسیز

جدہ۔۔۔4، مارچ 2009ء۔۔۔ایم کیو ایم محبان پاکستان اوورسیز کے آرگنائزر عزیز خان اور مڈل ایسٹ کورآرڈینیٹر شمشاد علی صدیقی نے راولپنڈی میں مسلم لیگ ن کے کارکنان کے ہاتھوں محترمہ بےنظیر بھٹو شہید کی یادگار کی بے حرمتی کے خلاف کراچی میں کامیاب احتجاجی ریلی کے انعقاد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان کو دلی کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاجی ریلی سے خطاب میں جناب الطاف حسین نے نواز شریف کو افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کرنے اور مفاہمت کی جو پیش کش کی ہے اسے عوام قدر کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں جس پر مسلم لیگ ن خصوصاً نواز شریف کو انتہائی سنجیدگی سے نا صرف سوچنا بلکہ اس پر عمل کرنا چاہیئے اور ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے محاذ آرائی کے راستے کو ترک کر کے مفاہمت کا راستہ اختیار کرنا چاہیئے۔ انہوں نے انتہائی مختصر نوٹس پر تاریخی پرامن کامیاب احتجاجی ریلی کے انعقاد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی۔

## ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن عزیز احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرز ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے کارکن عزیز احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## مسلم لیگ ن اور دیگر جماعتیں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور اسے مستحکم کرنے کیلئے محاذ آرائی کی سیاست کو ترک کر کے پرامن ماحول فراہم کریں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔4، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے مسلم لیگ ن اور دیگر جماعتوں کی جانب سے پیپلز پارٹی کی شہید چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی راولپنڈی میں یادگار کی بے حرمتی کے خلاف مذمتی اور احتجاجی مظاہرے کو تنقید کا نشانہ بنانے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے مذمتی اور احتجاجی مظاہرہ ملک کی سلیت کا ضامن قرار دیا جاچکا ہے اور اسے تنقید کا نشانہ بنانے والے دراصل جمہوریت کی بساط لپیٹ کر ملک وقوم کو مزید مسائلستان بنانا چاہتے ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ''ملک وقوم کی بقاء، سلامتی اور جمہوریت کے فروغ'' کیلئے اتحاد کرنا، ماضی کو فراموش کر کے آگے بڑھنا اور ملک و قوم کو سیاسی، معاشی، اقتصادی شعبوں میں مضبوط کرنے کا عمل اگر نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے نزدیک جرم ہے تو ایم کیو ایم یہ جرم کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن اور دیگر جماعتوں کے سربراہان اس سوال کا جواب دیں کہ ان کی جانب سے پنجاب میں جو پرتشدد احتجاجی مظاہرے کئے جارہے ہیں اس کی حمایت کیا کوئی جمہوریت اور امن پسند جماعت کرسکتی ہے، ان جماعتوں کو اپنے فعل وکردار کا خود جائزہ لینا چاہئے اور سوچنا چاہئے کہ وہ اپنے ذاتی مفادات کے حصول کیلئے ملک وقوم کے اجتماعی مفادات کو تو داؤ پر نہیں لگارہے ہیں؟۔ انہوں نے کہا کہ اب بھی وقت ہے کہ مسلم لیگ ن اور دیگر جماعتیں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور اسے مستحکم کرنے کیلئے محاذ آرائی کی سیاست کو ترک کر کے

## ایم کیوایم ملیر، نارتھ ناظم آباد، سرجانی، کورنگی، نیوکراچی اور پی آئی بی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔4، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن عزیز احمد، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 171 کے کارکن انیس کی والدہ محترمہ بیگم محمد النساء، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 172 کے جوائنٹ یونٹ انچارج سرفراز علی ناصر کی ہمشیرہ محترمہ محمودہ سلطانہ، سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن محمد عادل کے والد محمد شفیع، کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے شہید کارکن عمران شام شہید کے بھائی محمد ریحان، نیوکراچی سیکٹر یونٹ 134/c کے کارکن محمد علی خان کی والدہ شمیم بیگم اور ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 5 کے کارکنان خالد مصطفیٰ، طارق مصطفیٰ اور جاوید مصطفیٰ کے والد مصطفیٰ خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او صحت مند معاشرے کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، ڈاکٹر محمد علی شاہ، ممتاز حمید
## سیفی کالج میں پہلا ''شہدائے حق'' کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب
## حق پرست نمائندوں نے کامیاب ہونے والی ٹیموں میں انعامات بھی تقسیم کیے

کراچی ۔۔۔4، مارچ 2009ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن صحت مند معاشرے کے فروغ اور شروع دن سے نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے طلباء کی فلاح و بہبود کیلئے کام کررہی ہے، اے پی ایم ایس او کی غیر نصابی سرگرمیاں طلباء کیلئے مثبت رجحان کا باعث ہیں اور قابل ستائش ہیں۔ان خیالات کا اظہار حق پرست صوبائی وزیر کھیل ڈاکٹر محمد علی شاہ اور نارتھ ناظم آباد کے ٹاؤن ناظم ممتاز حمید نے سیفی کالج میں اے پی ایم ایس او کے تحت پہلا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کرکٹ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیموں نے حصہ لیا اور تمام ٹیموں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا جبکہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں جیتنے والی ٹیم سول ڈولفن کو ٹرافی اور رنرز ٹیم ٹیلی کام بیلو کو انعامات دیئے اور ان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے سینئر وائس چیئرمین ندیم احمد اور جوائنٹ سیکریٹری ارشاد احمد کے علاوہ شائقین طلباء کی بڑی تعداد موجود تھی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلباء کی فلاح و بہبود کیلئے کام کررہی ہے اور صحت مند معاشرے کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں میں مفت کتب میلے، مشاعروں کے انعقاد کے بعد اے پی ایم ایس او کی جانب سے سیفی کالج میں کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد طلبہ میں مثبت رجحانات کو فروغ دے رہا ہے جو قابل ستائش ہیں۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او اپنی سابق روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس قسم کی سرگرمیاں سرانجام دیتی رہے گی جس سے نہ صرف غریب طلباء و طالبات کو سستی تفریح میسر آئے گی بلکہ ان میں جسمانی نشوونما فروغ پائے گی۔

☆☆☆☆☆